فوری ریلیز کے لیے: 16/6/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا شیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس پروجیکٹ کی تکمیل پر اظہارِ مسرت

یہ لائن اخراج سے پاک ہائیڈرو پاور کے ذریعے نیو یارک شہر کی 20 فیصد تک توانائی کی ضروریات پوری کرے گی اور موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثرہ پسماندہ کمیونٹیز کو فائدہ پہنچائے گی

یہ گزشتہ 50 سالوں میں ریاست نیو یارک کے سب سے بڑے ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں سے ایک ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ شیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس (Champlain Hudson Power Express, CHPE)، جو 339 میل طویل ہے اور 50 سالوں میں نیو یارک کے سب سے بڑے ٹرانسمیشن انفراسٹرکچر پروجیکٹس میں سے ایک ہے، اب کینیڈا سے براہِ راست نیو یارک شہر تک قابلِ اعتماد، صاف توانائی فراہم کر سکتا ہے۔ CHPE سے توقع کی جا رہی ہے کہ وہ نیو یارک میٹرو کے علاقے کو سالانہ 10.4 ٹیراواٹ فی گھنٹہ کے حساب سے صاف توانائی فراہم کرے گا، جس سے شہر کی ضروریات کا 20 % تک پورا ہو گا، اور 2040 تک کاربن اخراج میں 37 ملین میٹرک ٹن تک کمی لائے گا۔ یہ نیو یارک شہر اور خاص طور پر تاریخی طور پر محروم کمیونٹیز میں، نقصان دہ اخراج اور مقامی فضائی آلودگی کم کر کے صحتِ عامہ کے اہم فوائد فراہم کرے گا۔

"شیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس ٹرانسمیشن لائن ان اولین پروجیکٹس میں سے ایک ہے جن کی میں نے بطور گورنر حمایت کی تھی، اور یہ بجلی کی فراہمی جاری رکھنے، صاف تر مستقبل بنانے میں مدد دینے، اور لاگت کم رکھنے کے حوالے سے ایک بڑی تبدیلی لانے والا پروجیکٹ ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "اس کی تکمیل کے ذریعے سے ہم نیو یارک شہر کے 1 ملین گھروں کو ضروری صاف توانائی کے ساتھ روشن کر رہے ہیں جو آنے والی نسلوں تک کمیونٹیز کی خدمت کرے گی۔ یہ پروجیکٹ اس امر کا ایک اور ثبوت ہے کہ وفاق کی جانب سے اگرچہ ہمیں غیرمعمولی مشکلات درپیش ہیں، اس کے باوجود بھی نیو یارک موسمیاتی اور صاف توانائی کے میدان میں مستقبل کا ملک کا رہنما رہے گا۔"

CHPE ٹرانسمیشن لائن گورنر کے توانائی سے متعلق تمام دستیاب ذرائع استعمال کرنے کے طریقۂ کار کا حصہ ہے، جس کا مقصد نیو یارک کے شہریوں کے لیے بجلی کی فراہمی جاری رکھنا اور لاگت کم رکھنا ہے، نیز یہ انڈین پوائنٹ (Indian Point) نیوکلیئر پلانٹ کی بندش سے ہونے والی بجلی کی کمی کو پورا کرنے میں مدد دے گی۔-انڈین پوائنٹ کی بندش کے بعد سے، نیو یارک شہر کو گیس سے چلنے والے پلانٹس پر زیادہ انحصار کرنا پڑا ہے، جس کی وجہ سے زیریں ریاست میں اخراج میں اضافہ ہوا ہے۔
CHPE پروجیکٹ، جس کا معاہدہ ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) نے کیا ہے، اور اسے Transmission Developers Inc نے Hydro-Québec کے ساتھ شراکت داری میں تیار کیا ہے، سے توقع ہے کہ یہ 25 سالہ معاہدے کی مدت میں $3.4 بلین سے زیادہ کی معاشی سرمایہ کاری فراہم کرے گا، اور یہ پہلے ہی ریاست بھر میں 1,400 سے زیادہ ایسی تعمیراتی اور آپریشنز ملازمتوں کی معاونت کر چکا ہے جو خاندانوں کی کفالت میں مدد دیتی ہیں۔ مزید برآں، CHPE کے $40 ملین مالیتی گرین اکانومی فنڈ (Green Economy Fund) کے ذریعے پہلے ہی پسماندہ کمیونٹیز، افرادی قوت کی تیاری، اور ملازمت کی دوبارہ تربیت پر کام کرنے والی تنظیموں کو $2 ملین ایوارڈ کیے جا چکے ہیں، تاکہ صاف توانائی کی معیشت میں داخلہ آسان بنایا جا سکے۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی صدر اور CEO Doreen M. Harris (ڈورین ایم ہیرس) نے کہا، "آج ہم ملک کے سب سے بڑے شہر تک ایک بڑے اور تبدیلی لانے والے حجم میں صاف توانائی پہنچا کر نیو یارک کی توانائی کی تاریخ میں ایک نیا باب شروع کر رہے ہیں۔ یہ پروجیکٹ نہ صرف یہ دکھاتا ہے کہ توانائی کے متنوع وسائل کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کا عزم کتنا فائدہ مند ہے، بلکہ یہ ایک ملین سے زیادہ گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی بجلی پہنچا کر، آلودگی میں کمی لا کر، اور ہماری سب سے زیادہ کمزور کمیونٹیز میں فضائی معیار بہتر بنا کر، ہمارے گرڈ کو زیادہ قابلِ اعتماد بھی بناتا ہے۔"

ستمبر 2021 میں، NYSERDA کے زیرِ انتظام مرحلہ 4 کی درخواست طلبی کے حصے کے طور پر انتخاب کے بعد، CHPE کی تعمیر 2022 میں شروع ہوئی۔ 1,250 میگاواٹ کی ہائی وولٹیج ڈائریکٹ کرنٹ ٹرانسمیشن لائن (High Voltage Direct Current, HVDC) مونٹریال، کیوبیک سے کوئینز کے ایسٹوریا انرجی کمپلیکس (Astoria Energy Complex) تک پھیلی ہوئی ہے اور نیو یارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority, NYPA) کے نئے توسیع یافتہ ایسٹوریا اینکس سب اسٹیشن پر گرڈ سے منسلک ہوتی ہے۔ NYPA نے TDI کو تقریباً چار میل طویل نئی زیرِ زمین ٹرانسمیشن لائن، ایسٹوریا رینی کیبل (Astoria Rainey Cable, ARC)، کی تعمیر میں بھی مدد دی، جو ایسٹوریا اینیکس کو کون ایڈیسن (Con Edison) کے رینی سب اسٹیشن سے منسلک کرتی ہے۔

CHPE پروجیکٹ، جس کی میزبانی کئی مقامی میونسپلٹیز اور کاؤنٹیز کر رہی ہیں، نے متعدد پروجیکٹ لیبر کے معاہدے کیے ہیں، جن کے تحت مجموعی طور پر تین ملین سے زیادہ یونین لیبر والے گھنٹے شامل ہیں۔ یہ شمالی امریکہ کی سب سے طویل مکمل طور پر دفن شدہ ٹرانسمیشن لائن ہے اور طویل مدت تک اس کے قابلِ اعتماد رہنے کی صلاحیت میں اضافے اور ماحولیاتی و کمیونٹی اثرات کم سے کم کرنے کے لیے، اسے حکمتِ عملی کے تحت زیرِ زمین اور زیرِ آب دفن کیا گیا ہے۔

CHPE نیو یارک کے متنوع توانائی کے وسائل اور سپلائی انفراسٹرکچر کا ایک اہم حصہ ہے، جو صاف، قابلِ اعتماد ہائیڈرو پاور اور قابلِ تجدید توانائی کو زیادہ طلب والے علاقے تک پہنچا کر ریاستی منصوبہ برائے توانائی (State Energy Plan) میں معاونت کرتا ہے، جس سے نظام پر دباؤ کم کرنے، اس کی لچک بڑھانے، اور زیادہ لاگت والی گیس سے پیدا ہونے والی بجلی پر انحصار کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ ریاستی منصوبہ برائے توانائی کے مطابق صاف توانائی کے نئے پیداواری ذرائع کو بڑے پیمانے پر شامل کرنے اور مستقبل کی بڑھتی ہوئی طلب کو مؤثر انداز میں منظم کرنے کے لیے ٹرانسمیشن ضروری بنیادی ڈھانچہ ہے۔

ریاست نیو یارک کا پبلک سروس کمیشن (Public Service Commission) کے چیئر اور CEO Rory M. Christian (روری ایم کرسچن) نے کہا، "شیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس ٹرانسمیشن لائن کی تکمیل سے گورنر Hochul (ہوکل) کا ایسے حل کے طریقوں کے لیے عزم ظاہر ہوتا ہے کہ جو نیو یارک کے شہریوں کی روزمرہ زندگی پر حقیقی اثرات مرتب کرتے ہیں۔ فضائی آلودگی میں کردار ادا کرنے والے زیادہ اخراج والے اور بجلی پیدا کرنے والے زیادہ مہنگے وسائل پر انحصار میں کمی کے نتیجے میں صارفین توانائی کی کم لاگت کا تجربہ کریں گے اور صحت کے بہتر نتائج حاصل کریں گے، جبکہ نیو یارک شہر کے علاقے میں بجلی کی فراہمی کی خدمت بھی زیادہ قابلِ اعتماد ہو گی۔ فعال CHPE لائن سے اب نیو یارک شہر کے لیے دستیاب بجلی صارفین کے لیے ایک بڑی کامیابی ہے، خاص طور پر ان لوگوں کے لیے جو تاریخی طور پر محروم کمیونٹیز میں رہتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک کا محکمہ برائے ذرائع آمد و رفت (Department of Transportation, DOT) کی کمشنر Marie Therese Dominguez (میری تھیریس ڈومینگز) نے کہا، "صاف اور قابلِ اعتماد توانائی کے ذرائع یقینی بنانے کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے صرف تازہ ترین سرخیاں پڑھ لینا ہی کافی ہے اور گورنر Hochul (ہوکل) کے وژن اور عزم کی بدولت، نیو یارک بالکل یہی کام کر رہا ہے۔ DOT کو فخر ہے کہ اس نے شیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس کی فراہمی کے لیے اپنے ریاستی شراکت داروں کے ساتھ کام کیا ہے جو ہماری مسلسل معاشی ترقی کو برقرار رکھنے کے لیے نیو یارک کی توانائی کی ضروریات پوری کرنے میں مدد دے رہا ہے۔"

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (Department of Environmental Conservation) کی کمشنر Amanda Lefton (امانڈا لیفٹن) نے کہا، "شیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس پروجیکٹ صاف، قابلِ تجدید توانائی پیدا کرتا ہے، تاکہ نیو یارک شہر کے گرڈ کی قابلِ اعتماد ہونے کی صلاحیت مضبوط بنائی جائے اور نقصان دہ اخراج کم کرتے ہوئے صحتِ عامہ کو بہتر بنایا جائے، خاص طور پر ہماری سب سے زیادہ کمزور کمیونٹیز میں۔ یہ سنگِ میل، گورنر Hochul (ہوکل) کی توانائی کی استطاعت اور قابلِ اعتمادی سے متعلق تاریخی سرمایہ کاری کی میراث کے ساتھ مل کر صاف اور قابلِ اعتماد توانائی محفوظ بنانے میں مدد دے رہا ہے، اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کر رہا ہے، اور ایسی موسمیاتی مساوات کو ترجیح دے رہا ہے کہ جس سے نیو یارک کے تمام شہری مستفید ہوتے ہیں۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت (Department of Labor) کی کمشنر Roberta Reardon (رابرٹا ریئرڈن) نے کہا، "قابلِ اعتماد اور سستی صاف توانائی کی بھرپور فراہمی ریاست نیو یارک کے معاشی مستقبل کو توانائی مہیا کرنے کے لیے ضروری ہے۔ ریاست نیو یارک کا محکمۂ محنت، گورنر Hochul (ہوکل) اور ہمارے ایجنسی شراکت داروں کے ساتھ کام کرتے ہوئے، نیو یارک کے شہریوں کو صاف توانائی کے شعبے میں فائدہ مند اور زیادہ طلب والی ملازمتوں سے جوڑنے کی اپنی کوششیں جاری رکھنے پر فخر کرتا ہے، اور ایسی ہنرمند افرادی قوت تیار کر رہا ہے جو صاف توانائی کے گرڈ اور معیشت کی طرف ہماری پیش رفت میں معاونت کے لیے ضروری ہے۔"

ریاست نیو یارک کی پاور اتھارٹی کے صدر اور CEO Justin E. Driscoll (جسٹن ای ڈرسکول) نے کہا، "اس اہم بنیادی ڈھانچے کو وقت پر مکمل کرنے اور فعال کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) اور پوری CHPE ٹیم کو ہماری مبارکباد۔ CHPE پہلے ہی نیو یارک شہر کے پاور سسٹم کے لیے ایک قابلِ اعتماد سہارے کے طور پر کام کر رہا ہے، اور نیو یارک کے شہریوں کو معاشی اور کمیونٹی کے فوائد فراہم کر رہا ہے، جو آنے والی دہائیوں تک جاری رہیں گے۔ NYPA میں ہمیں فخر ہے کہ ہم NYSERDA، TDI اور ConEd میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ قریبی طور پر کام کرتے ہوئے، شیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس کو نیو یارک شہر کے گرڈ سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔"

نیو یارک کے سیکرٹری برائے ریاست Walter Mosley (والٹر موزلی) نے کہا، "یہ ریاست نیو یارک میں توانائی کی پالیسی کے مستقبل کے لیے اور نیو یارک شہر کے ان بہت سے صارفین کے لیے بھی، ایک فیصلہ کن لمحہ ہے جو اب صاف، قابلِ اعتماد، اور پائیدار توانائی سے فائدہ اٹھائیں گے۔ کینیڈین ہائیڈرو پاور اور نیو یارک شہر کے درمیان ایک راستہ بنانے کا اختراعی خیال Transmission Developers, Inc. اور متعدد ریاستی ایجنسیوں کی محنت کے باعث ایک حقیقت بن چکا ہے۔ محکمۂ ریاست کو خوشی ہے کہ اس نے اس جرات مندانہ وژن کو حقیقت بنانے اور گورنر کے عملی اور مؤثر ریاستی منصوبہ برائے توانائی کی معاونت میں کردار ادا کیا۔ یہ سنگِ میل اس بات کا ثبوت ہے کہ جب سرکاری اور نجی شعبے صاف اور قابلِ اعتماد توانائی کی معیشت کے لیے مل کر کام کرتے ہیں تو بڑی کامیابیاں ممکن ہو سکتی ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Toby Ann Stavitsky (ٹوبی این اسٹاوسکی) نے کہا، "جب صاف ہائیڈرو پاور دستیاب ہو گی، تو نیو یارک ہماری کمیونٹیز میں زیادہ استعمال ہونے والے فوسل فیولز پر انحصار میں کمی کر سکے گا۔ اس کا مطلب کوئینز کے خاندانوں کے لیے زیادہ صحت مند ہوا اور پورے شہر کے لیے زیادہ مضبوط گرڈ ہے۔ میں اس کی انجام دہی پر گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

رکن اسمبلی Didi Barrett (ڈیڈی بیریٹ) نے کہا، "مجھے خوشی ہے کہ شیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس پروجیکٹ فعال ہو رہا ہے، جو صاف، قابلِ اعتماد ہائیڈرو پاور کے ذریعے نیو یارک شہر کی توانائی کی ضروریات کا 20 فیصد پورا کر رہا ہے۔ یہ پروجیکٹ اخراج میں کمی لانے اور نیو یارک شہر کی قابلِ اعتماد ہونے کی کم ہوتی ہوئی صلاحیت کو بہتر بنانے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔"

رکن اسمبلی Deborah Glick (ڈیبرا گلک) نے کہا، "نیو یارک فوسل فیولز پر انحصار سے رخ موڑ کر زیادہ صاف توانائی کے مستقبل کی طرف مسلسل بڑھ رہا ہے، ایسے میں CHPE جیسے پروجیکٹس ایک ضروری کردار ادا کرتے ہیں۔ زیریں ریاست کے علاقے میں صاف بجلی کی بڑی مقدار کی ترسیل سے اخراج کم کرنے اور برقی گرڈ

کے لیے قابلِ اعتماد بجلی کا ایک اہم نیا ذریعہ فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ مجھے بہت خوشی ہے کہ اس پروجیکٹ میں گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) قابلِ تجدید توانائی کی اہمیت اور ریاست نیو یارک کے لیے ضروری ٹرانسمیشن کی صلاحیت کو وسعت دینے کے حوالے سے اپنے عزم کا اظہار کرتی ہیں۔"

میئر Zohran Mamdani (زوہران ممدانی) نے کہا، "شیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس ظاہر کرتا ہے کہ جب ہم بڑی عوامی سرمایہ کاریاں کرتے ہیں اور انہیں انجام تک پہنچاتے ہیں تو کیا ممکن ہو سکتا ہے۔ نیو یارک کے شہری ایک ایسے مستقبل کے حق دار ہیں جو صاف، قابلِ اعتماد، اور سستی توانائی کی طاقت سے لیس ہو؛ یہ پروجیکٹ ایسے مستقبل تک رسائی ممکن بناتا ہے،" میئر Mamdani (ممدانی) نے کہا۔ "یہ مسلسل منظم کوششوں، شراکت داری، اور عوامی عزم کا نتیجہ ہے، اور نیو یارک شہر کو فخر ہے کہ وہ اسے ممکن بنانے میں شراکت دار رہا ہے۔ دنیا کے امیر ترین ملک کے سب سے دولت مند ترین شہر میں، نیو یارک کے تمام شہری صاف اور سستی توانائی تک رسائی کے حق دار ہیں۔"

Blackstone کے صدر اور COO John Gray (جان گرے) نے کہا، "یہ ایک تبدیلی لانے والا پروجیکٹ ہے، جو کیوبیک سے کوئینز تک اہم توانائی لا رہا ہے اور یہ اخراج کم کرنے اور نیو یارک شہر کی بجلی کی ضروریات کا تقریباً پانچواں حصہ پورا کرنے میں مدد دے گا۔ آج 16 سالہ سفر کی تکمیل کا دن ہے اور ہمیں اس بات پر بہت فخر ہے کہ Blackstone کے طویل مدتی سرمائے نے اسے حقیقت بنانے میں مدد دی۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل)، Hydro-Québec، TDI، وفاقی حکومت، نیو یارک شہر، اور اپنے بہت سے دیگر شراکت داروں کے شکر گزار ہیں، جنہوں نے نیو یارک شہر کے لیے زیادہ صاف توانائی فراہم کرنے میں کردار ادا کیا۔"

TDI کے بورڈ کے چیئرمین Brian Kubeck (برائن کیوبیک) نے کہا، "CHPE پندرہ سال سے زیادہ عرصے سے تیاری کے مراحل میں تھا، اور نیو یارک شہر کے توانائی کے مجموعے کو تبدیل کرنے اور شہر کے برقی گرڈ کی قابلِ اعتمادی مضبوط کرنے کا یہ سنگِ میل ہر اس فرد کی کامیابی ہے جس نے اس پروجیکٹ کو تصور سے حقیقت تک پہنچانے میں مدد دی۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی جرات مندانہ قیادت، صاف توانائی کی طرف نیو یارک کی منتقلی کے لیے NYSERDA کے عزم، Blackstone اور Hydro-Québec میں موجود ہمارے طویل مدتی شراکت داروں، ہمارے تعمیراتی اور ڈسٹری بیوشن شراکت داروں، اور TDI میں موجود ہماری وقف ٹیم کی بدولت، ہم نیو یارک کے گرڈ کے لیے دستیاب صاف، قابلِ اعتماد ہائیڈرو پاور کے اضافے کا جشن منا رہے ہیں، جو ایک ملین سے زیادہ گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ یہ پروجیکٹ ظاہر کرتا ہے کہ جب وقف نجی سرمایہ کاری دانشمندانہ، حکمت آمیز حکومتی پالیسیوں کی معاونت کرنے کے قابل ہو جائے تو کیا کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے، اور ہمیں امید ہے کہ CHPE کی کامیابی اس امر کے لیے ایک مثال قائم کرے گی کہ مستقبل میں بنیادی ڈھانچے کے بڑے پروجیکٹس کیسے کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔"

Hydro-Québec کی صدر اور چیف ایگزیکٹیو افسر Claudine Bouchard (کلاڈین بوشارڈ) نے کہا، "CHPE ظاہر کرتا ہے کہ کیسے مسلسل تعاون اور مشترکہ مہارت کے ذریعے پیچیدہ بنیادی ڈھانچہ فراہم کیا جا سکتا ہے۔ اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ یہ نظام کی قابلِ اعتمادی اور لچک بڑھانے میں باہم منسلک ٹرانسمیشن گرڈز کے بڑھتے ہوئے کردار کو نمایاں کرتا ہے۔ سرحدوں کے پار توانائی کے وسائل کو جوڑ کر، اس طرح کے پروجیکٹس توانائی کے نظاموں کے جدید سلسلے کی بنیاد رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔"

نارتھ کنٹری کے چیمبر آف کامرس کے صدر اور CEO Garry Douglas (گیری ڈگلس) نے کہا، "CHPE کی تکمیل ریاست کی صاف توانائی کی ضرورت پوری کرنے میں واقعی ایک تاریخی سنگِ میل ہے۔ اور یہ نیو یارک اور کیوبیک کے درمیان ایک اور بڑا معاشی رابطہ ہے، جو ہمارے مشترکہ مستقبل کو مزید استوار کر رہا ہے۔ نارتھ کنٹری چیمبر کو اس وژنری پروجیکٹ کی ابتدا سے ہی اپنی مضبوط اور فعال معاونت پر فخر ہے، اور ہم اس میں شامل تمام افراد کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور انہیں مبارکباد دیتے ہیں۔ دعا ہے کہ ترقی کا سفر ہمیشہ جاری رہے!"

ریاست نیو یارک کے بلڈنگ ٹریڈز (Building Trades) کے صدر Gary LaBarbera (گیری لا باربیرا) نے کہا، "شیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس کا آغاز نیو یارک کے سبز بنیادی ڈھانچے اور ہماری ریاست گیر معاشی ترقی کے لیے ایک اہم سنگِ میل ہے۔ یہ لمحہ اس بات کی نمائندگی کرتا ہے کہ صاف توانائی میں حقیقی سرمایہ کاری کس طرح

خاندانوں کی کفالت کرنے والی حقیقی یونین ملازمتیں، متوسط طبقے تک پہنچنے کے راستے، اور ہماری مقامی کمیونٹیز اور نیو یارک کے محنتی شہریوں کے پھلنے پھولنے کے مواقع پیدا کر سکتی ہے۔ ہمارے ارکان کو فخر ہے کہ انہوں نے اس پروجیکٹ کو تکمیل تک پہنچانے اور نیو یارک کو اپنے توانائی کے اہداف برقرار رکھنے میں مدد دینے کے سلسلے میں کردار ادا کیا۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں